# اَلصَّلٰوۃُ الْحَسَنِیَّۃُ

## درودِ حسنی

درودِ چہلُ میم

۳۹



مرتب

محمد عزیز سلطان القادری

بسمہٖ تعالیٰ

# اَلصَّلٰوۃُ الْحَسَنِیَّۃُ

## درودِ حَسنی

درودِ چہلُ میم
۳۹



مرتب

بموقع جُمادیٰ اوّل ۱۴۴۰ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین
وحضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں رضی اللہ عنہم

محمد عزیز سلطان القادری

# درود چہل میم (۳۹)

بِسۡمِ اللهِ الۡمَلِكِ السَّلٰمِ مَوۡلَائِیۡ هُوَ اللهُ
اِلٰهٌ اَحَدٌ صَمَدٌ لَمۡ يَلِدۡ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ وَلَمۡ يَكُنۡ
لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ
اللهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ دَائِمًا عَلٰى مَوۡلٰنَا
الَّذِیۡ هُوَ حَامِدٌ بِكَرَمِكَ الۡعَظِيۡمِ وَدَاعٍ
عِبَادَكَ اِلَيۡكَ وَبَاعِدُهُمۡ مِّنَ الشَّيۡطٰنِ
الرَّجِيۡمِ وَمُوۡصِلُهُمۡ اِلَيۡكَ وَهَادِيۡهِمۡ اِلٰى

صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ وَقُلْتَ لَهٗ اِنَّكَ عَلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ وَهُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ
وَعَلٰى وَالِدَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَالْاَنْبِيَاءِ
وَالشُّهَدَاءِ وَمُحْيِ الدِّيْنِ وَمُعِيْنِ الدِّيْنِ
وَاَحْمَدَ وَلِيِّ اللّٰهِ وَحَوَارِيِّ وَلِيِّ اللّٰهِ وَكُلِّ اُمَمِهٖ
صَلٰوةً تَحْفَظُ بِهَا كُلَّ اُمَّةِ حَبِيْبِكَ مِنْ شَرِّ
النَّفْسِ وَ الشَّيْطٰنِ وَجُنُوْدِهٖ وَتَغْفِرُ بِهَا
لِاُمَّةِ حَبِيْبِكَ الْاَحْيَاءِ وَالْاَمْوَاتِ بِحَقِّ
كَرَمِكَ الْعَظِيْمِ ○

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو مالک ہے سلامتی دینے
والا ہے میرا مولیٰ وہ اللہ ہے جو یکتا معبود ہے بے نیاز ہے
وہ کسی سے پیدا نہیں اس کی کوئی اولاد نہیں اور کوئی اس کا ہم
سر نہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد ﷺ اللہ کے رسول
ہیں اے ہمارے اللہ تو خوب دائمی درود و سلام نازل
فرما ہمارے اس مولیٰ پر، جو تیرے کرم عظیم کی تعریف
کرنے والے ہیں اور تیرے بندوں کو تیری طرف بلانے
والے ہیں اور انہیں شیطان مردود سے دور کرنے والے
ہیں، اور تیری بارگاہ میں پہنچانے والے ہیں اور انہیں

تیرے سیدھے راستے کی ہدایت فرمانے والے ہیں
چنانچہ تو نے ان سے فرمایا بے شک آپ ﷺ سراپا
سیدھے راستے پر ہیں اور وہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں
(اور خوب درود وسلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والدین
پر، آل واصحاب پر، تمام انبیاء وشہدا پر، شیخ محی الدین پر
خواجہ معین الدین پر اور مخدوم احمد ولی اللہ اور آپ کے
اصحاب روحانی پر اور آپ ﷺ کی ساری امت پر ایسا
درود کہ جس کی برکت سے تو اپنے حبیب ﷺ کی امتوں
کو نفس وشیطان اور اس کے لشکریوں کے شر سے محفوظ

فرمادے اور تیرے حبیب ﷺ کی امت میں جو زندہ ہیں اور جو وفات پا چکے ہیں سب کو بخش دے اپنے کرم عظیم کے واسطے سے۔

**فضیلت:** جو شخص اس درود کو ۴۰/۱۲/۷/بار روزانہ پڑھے گا اللہ اسے اور اس کے گھر والوں کو بخش دیگا اور وہ نفس وشیطان کے غلبوں سے محفوظ ہوجائے گا اس کی ساری حاجتیں پوری ہونگی، اور اس کی ہر دعا قبول ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

# فضائل درود حسنی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَبِحَمۡدِہٖ
وَبِشُکۡرِہٖ وَبِہٖ نَسۡتَعِیۡنُ
بِسۡمِ اللّٰہِ وَالسَّلٰمُ عَلٰی سَیِّدِنَا ھُوَ
مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم ○

تمام حمد و شکر اس اللہ کے لیے ہے جس نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک کلمات کو یقین کامل کے ساتھ قلب میں جاگزیں فرمایا اور خوب درود و سلام نازل ہو ہمارے آقا و مولیٰ اللہ کے حبیب دونوں عالم کے طبیب

سارے جہان کے لئے رحمت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کے جملہ احباب واقارب پر دائمی طور پر۔

پیش نظر روحانی ''درود حسنی'' عوالم روحانیہ کے جملہ فیوض وبرکات پر مشتمل ہے جو کہ سیدی ومولائی روحی وقلبی شیخ عبدالقادر جیلانی کے روحانی فیض اور سیدی ومرشدی سیدنا مخدوم احمد ولی اللہ جیلانی بغدادی کی دعاؤں سے حاصل ہوا یہ روحانی درود حسنی لوح محفوظ میں مندرج ہے جو کہ روحانی طور سے صوفیائے کرام کے پاکیزہ قلوب سے ہوتے ہوئے اس ناچیز کو عطا ہوا، اس درود کے بے شمار فیوض وبرکات ہیں جسے قلمبند نہیں کیا جاسکتا اس درود کو کثرت سے فرشتے ورد میں رکھتے ہیں اس درود پاک کی نسبت حضور نبی کریم ﷺ کے لاڈلے جنتی نوجوانوں کے سردار سیدی ومولائی امام حسن علیہ

السلام سے ہے اس درود میں کائنات کلمات اورعوالم حروف
کافیض بدرجۂ اتم شامل ہے اس درود میں سیدنا امام حسن مجتبیٰ
کے اسم پاک ''حسن'' میں موجود حروف کے مطابق اعداد کا
لحاظ کیا گیا ہے چنانچہ اسم حسن کے اولِ حرف حائے مکتوبی مہملہ
کواس کے اعداد ۸ ر کے مطابق صرف ۸ ر بار ذکر کیا گیا ہے
جو کہ قرآن میں موجود حوامیم سبعہ کے فیوض و برکات کی
طرف اشارہ کررہا ہے جو شخص اس درود حسنی کوروزانہ ۸ ر بار
صبح وشام پڑھنے کا معمول بنائے گا اس کے دل میں اللہ
ورسول کی محبت کثیر ہوجائے گی ،اس کی ہر پریشانی دور ہوگی
اس کا مردہ دل الحی کے اسم پاک کے فیض سے مستفیض ہوکر
دائمی طور سے زندہ ہوجائے گا، اسے مقبول حمد وشکر کی توفیق
ملے گی ،اور اسم حسن کا دوسرا حرف ''س'' ہے اور سین مکتوبی

مہملہ کے اعداد ۶۰/ ہیں چنانچہ اس درود میں ۶۰/ بار مذکور ہے جو کہ اللہ کے قول سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کی بشارت عظمیٰ کو شامل کئے ہوئے ہے۔ جو شخص اس درود کو حائے مکتوبی اور سین مکتوبی کے مجموعی اعداد ۶۸/ کے مطابق روزانہ ۶۸/ بار پڑھنے کا معمول بنائے گا اس کی ساری حاجتیں فوراً پوری ہونگی، اس کے دشمن اس پر کبھی بھی غلبہ نہ پاسکیں گے، وہ ہر برائی اور نافرمانی سے محفوظ ہوجائے گا اس کا ظاہر وباطن ہر نفسانی کدورت سے پاک ہوجائے گا لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت جاگزیں ہوجائے گی، اور اسم حسن کا تیسرا اور آخری حرف نون ہے جس کے اعداد ۵۰/ ہیں لہٰذا نون مکتوبی مہملہ اس درود میں ۵۰/ بار مذکور ہے جو کہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ کی قرآنی

شفاء اور رحمت سے فیضیاب کرنے کی طرف اشارہ کر رہا ہے،
جو شخص اس درود حسنی کو اسم حسن کے کامل اعداد ۱۱۸/ کے
مطابق ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک ۱۱۸/ بار جس
نیت سے پڑھے گا اس میں اس کو کامیابی حاصل ہوگی، وہ ہر
ظاہری و باطنی بیماریوں اور جملہ مشکلات سے محفوظ ہو جائے
گا، وہ ہر ظالم کے ظلم سے، حسد کرنے والوں کی حسد سے شر
پسندوں کے شروں سے امان میں ہوگا، اس پر علم و حکمت کے
ظاہری و باطنی دروازے کھول دیئے جائیں گے، وہ نفس
و شیطان کے شروں سے نجات پائے گا، دہر و قبر و حشر میں ہر
عذاب سے محفوظ ہوگا، اسے احکام شریعت کی پیروی کرنے کی
توفیق و قوت حاصل ہوگی ملائکہ اس کے لئے کثرت سے دعا
کریں گے اور اللہ اسے اپنے دوستوں میں سے شمار فرمائے گا

اوراس کی ہر دعا قبول ہوگی اسے نبی کریم ﷺ کا دیدار پاک نصیب ہوگا اور اہل بیت کرام وصحابۂ عظام کا کامل فیض عطا ہوگا،اس درود کو ۱۱۸ ربار پڑھنے والا اوراس معمول کو برقرار رکھنے والا اگر نااہل ہوتو اہل میں سے ہوجائے گا عام خاص میں سے ہوجائے گا اور خاص اخص الخواص کے گروہ میں شامل ہوجائے گا،اس کے گھر والے بخش دیئے جائیں گے اسے امام حسن علیہ السلام کی روحانی وقلبی دستگیری حاصل ہوگی اور آپ کے ساتھ وہ جنت میں داخل ہوگا اگر آسیب زدہ کو پانی پر دم کر کے دے تو اسے فوراً شفا ملے گی،اس کا ایمان پر خاتمہ ہوگا،خلاصہ یہ کہ اس درود کو پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں کا حقدار ہوگا اور نبی کریم ﷺ واہل بیت کرام کی دائمی شفقتوں میں شرابور رہے گا نیز حضور غوث الاعظم رضی

اللہ عنہ ودیگر اولیائے کرام کی خصوصی روحانی عنایتوں اور برکتوں سے مالا مال ہوگا۔اس درود کو روزانہ کم از کم ایک بار ضرور پڑھے تا کہ اس درود کی نسبت و برکت ہمیشہ اس کے ساتھ رہے جب بھی شب و روز کے کسی لمحے میں اس کا انتقال ہوگا تو وہ جاں کنی کی ہر تکلیف اور شیطان مردود کے مکروفریب اور قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا اللہ اسے بخشے ہوئے لوگوں میں شامل فرمائے گا۔ان شاء اللہ تعالیٰ۔ بارگاہ مولیٰ میں دعا ہے کہ اس درود کی برکت سے سب کو جاں کنی کی تکلیف،شیطان کے مکروفریب،قبر کے عذاب اور محشر کی تپش اور حساب و کتاب سے محفوظ فرمادے اور اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب فرمائے۔آمین۔

# اَلصَّلٰوةُ الْحَسَنِيَّةُ

بِسْمِ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ يَا اِلٰهَ
الْاِمَامِ الْحَسَنِ يَارَبَّ الْاِمَامِ الْحَسَنِ
صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا سَرْمَدًا عَلٰى مَوْلٰنَا
الَّذِىْ سَرَّ بِوِلَادَةِ سِبْطِهِ الْاَكْبَرِ فَجَاءَ
جِبْرِيْلُ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللهِ اِنَّ اللهَ يُهَنِّيْكَ
بِهٰذَا الْمَوْلُوْدِ وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ هٰذَا سَيِّدٌ

يُصْلِحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ وَهُوَ
طَاهِرٌ وَمُطَهَّرٌ وَمُطَهِّرٌ وَشَاكِرٌ وَمُكَرَّمٌ
وَسَخِيٌّ وَشَهِيْدٌ وَمَوَدَّةُ رَسُوْلِكَ وَنُوْرُ
رَسُوْلِكَ وَسَيِّدُ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ
وَنِعْمَتِكَ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ وَمِنِّكَ
لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ
رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجَعَلَهٗ سُلْطَانًا
نَّصِيْرًا وَهُوَ رَسُوْلُكَ وَرَسُوْلُ رُسُلِكَ
وَرَسُوْلُ كُلِّ خَلْقِكَ وَسَيْفُكَ وَمُقَدَّسٌ

وَمُفَسِّرٌ وَذُوْ سَلٰمَةٍ وَذُوْ سَعْلٍ وَسَعِيْدٌ

وَاَوَّلُ الْخَلْقِ وَقَاسِمٌ وَمُقْتَسِمٌ وَمُقْسِطٌ

وَمُتَبَسِّمٌ وَسَيِّدٌ وَسَيِّدُ الْعٰلَمِيْنَ وَ

وَسِيْلَةٌ لِّكُلِّ الْعَالَمِ وَعَيْنُ الْاِيْمَانِ

وَالْاِسْلَامِ وَالْمُشَاهَدَةِ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً وَّلَا تَتَّبِعُوْا

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ

وَسِرُّ سِرِّكَ وَسِرُّ ذَاتِكَ وَسِرُّ صِفَاتِكَ وَسِرُّ

كَمَالِكَ وَسِرُّ الٓمّٓ وَ سِرُّ الٓمّٓصٓ وَسِرُّ

كٓهٰيٰعٓصٓ وَسِرُّ طٰسٓمٓ وَسِرُّ قٓ وَسِرُّ خِلْقَتِكَ
وَسِرُّ قُدْرَتِكَ وَسِرُّ عَظَمَتِكَ وَسِرُّ اَمْرِكَ
اِنَّمَآ اَمْرُهٗ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ
فَيَكُوْنُ وَيٰسٓ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَعَلٰى
وَالِدَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَعْوَانِهٖ
وَاَنْصَارِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ وَالْاَنْبِيَاءِ
وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالْاَوْلِيَاءِ وَالشَّيْخِ
عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ وَاٰلِهٖ وَالْخَوَاجَهْ
مُعِيْنِ الدِّيْنِ وَاٰلِهٖ وَالسَّادَاتِ اَشْيَاخ

اَرْبَعَةَ عَشَرَ وَكُلِّ اُمَّةٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ

لَّكَ صَلٰوةً تَغْفِرُبِهَا لِكُلِّ اُمَّةِ رَسُوْلِكَ

وَتُعْلِيْ بِهَا مَرَاتِبَهُمْ وَتُزَكِّيْ بِهَا نُفُوْسَهُمْ

وَتَرْزُقُهُمْ بِهَا خُلُقًا عَظِيْمًا وَتُدْخِلُ بِهَا

ذِكْرَكَ وَذِكْرَ رَسُوْلِكَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

بِالْاِخْلَاصِ وَتُجِيْبُ بِهَا دُعَاءَهُمْ اَللّٰهُمَّ

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ

الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ آمِيْنَ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جو سارے جہان کا پالنہار ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے حساب کے دن کا مالک ہے ہم تیری ہی عبادت کریں اور تجھی سے مدد چاہیں، اے امام حسن کے معبود اے امام حسن کے پالنہار تو خوب خوب دائمی ابدی سرمدی درود و سلام نازل فرما ہمارے اس مولیٰ پر جو اپنے بڑے نواسے کی پیدائش پر خوش ہوئے پس جبریل تشریف لائے عرض کیا اے اللہ کے رسول بے شک اللہ آپ کو اس بچے کی پیدائش پر مبارک باد پیش فرماتا ہے اور اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا یہ سردار ہیں اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھوں پر دو گروہوں کے درمیان صلح فرمائے گا، آپ نہایت پاکیزہ

ہیں نہایت ستھرے ہیں، خوب پاک کرنے والے ہیں، شکر
گزار ہیں، کرم نواز ہیں، بہت سخی ہیں، شہادت پانے
والے ہیں، تیرے رسول کی محبت ہیں، اور تیرے رسول
کے نور ہیں اور جنتی نو جوانوں کے سردار ہیں، (اور درود
وسلام نازل ہو) تیری نعمت پر اور تم اپنے رب کی نعمت کا
خوب خوب چرچا کرو، اور تیرے احسان پر، بے شک اللہ
نے مومنوں پر احسان فرمایا جب اس نے ان لوگوں میں
انہیں میں سے ایک رسول مبعوث فرمایا اور انہیں مددگار غلبہ
وسلطنت والا بنایا، اور وہ تیرے رسول ہیں، تیرے رسولوں
کے رسول ہیں تیری ساری مخلوق کے رسول ہیں، تیری
تلوار ہیں، نہایت پاکیزہ ہیں، وضاحت فرمانے والے

ہیں، سلامتی والے ہیں، سعادت مند ہیں، نہایت مبارک
ہیں، مخلوق میں سب سے اول ہیں، بانٹنے والے ہیں، تقسیم
کرنے والے ہیں، انصاف فرمانے والے ہیں، مسکرانے
والے ہیں، سردار ہیں، سارے جہان کے سردار ہیں، ساری
کائنات کے لئے وسیلہ ہیں، اور ایمان واسلام اور احسان
کی اصل ہیں، اے ایمان والو! تم دین اسلام میں مکمل طور
سے داخل ہوجاؤ اور شیطان کے راستوں کی پیروی نہ
کرو بے شک وہ تمہارا کھلا ہوا دشمن ہے، اور وہ تیرے راز
کے راز ہیں، تیری ذات کا راز ہیں، تیری صفات کا راز
ہیں، تیرے کمال کا راز ہیں، الٓمٓ کا راز ہیں، الٓمٓصٓ کا راز
ہیں، کٓھٰیٰعٓصٓ کا راز ہیں، طٰسٓمٓ اور قٓ کا راز ہیں، اور

تیری ساری مخلوق کا راز ہیں، اور تیری قدرت کا راز ہیں، تیری عظمت کا راز ہیں، تیرے امر کا راز ہیں بے شک اس کا امر ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ فرماتا ہے تو اس سے کہتا ہے ہو جا تو وہ فوراً ہو جاتی ہے اور وہ یس محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں (اور خوب درود وسلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والدین پر، آپ ﷺ کی آل واولاد پر، اور اہل بیت پر، اور آپ ﷺ کے اصحاب پر، تمام مددگاروں پر، آپ ﷺ کی ازواج وذریات پر، تمام نبیوں، رسولوں، شہیدوں پر اور تمام اولیاء پر، شیخ عبدالقادر جیلانی پر، اور آپ کی آل پر، خواجہ معین الدین پر اور آپ کی آل پر، سادات چودہوں پیراں پر، اور آپ ﷺ کی تمام امتوں پر تیری

تمام معلوم تعداد کے مطابق ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو
اپنے رسول کی امتوں کو بخش دے اور ان کے درجات کو بلند
فرما دے ان کے نفسوں کو ستھرا کر دے اور انہیں بلند اخلاق
والا کر دے ان کے دلوں میں اپنے اور اپنے رسول کے ذکر
کو اخلاص کے ساتھ داخل فرما دے اور ان کی دعاؤں کو
قبول فرما لے اے ہمارے اللہ تو ہمیں سیدھے راستے کی
ہدایت فرما ان کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا ان کا راستہ
نہیں جن پر غضب ہوا اور نہ ان کا جو بھٹکے ہوئے ہیں۔ اے
اللہ تو قبول فرما۔

# التماس

اللہ ورسول کا قرب ورضا حاصل کرنے اورروحانی ترقی وقلبی تسکین کے واسطے اورظاہری وباطنی امراض مہلکہ سے محفوظ رہنے کے لئے درودِروحانی ودعائے قلبی، درودمحمدی ﷺ سلام محمدی ﷺ مع اسرارم، ح،م،د،اور درود چہل میم منقوط وغیر منقوط، ذکر وفکر طہارت اسلام، روحانی اعمال شعبان و رمضان، درود روحانی بفیضان باز اشہب، صلوۃ الحسنین، درودِعلوی،درود فاطمی،درود حسینی،اور الصلوۃ الروحانیۃ بسم اللہ الاربعین بفیض الشیخ محی الدین، روحانی درود ودعا وآیات بسملہ شریفہ وغیرہ جیسی روحانی فیضان سے مرتب کتابیں خود بھی پڑھیں اور احباب کو بھی پڑھنے کی دعوت دیں نیز آستانۂ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم سے متعلق جملہ مطبوعات آپ

**www.syed14peer.com**

پر بھی ملاحظہ کرسکتے ہیں۔ رابطہ نمبر: 9695435877





آستانہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد

www.syed14peer.com